تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

August 02,2022

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پانچ روزہ 'کووڈ ٹیکہ کاری امرت مہتسو' کا آغاز

پروفیسر نجمہ اختر شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آزادی کا امرت مہتسو کے حصے کے طور پر آج ڈاکٹر ایم اے انصاری ہیلتھ سینٹر میں پانچ روزہ (دو اگست سے چھے اگست تک) مفت کووڈ ٹیکہ کاری کیمپ جس کا عنوان 'کووڈ ٹیکہ کاری امرت مہتسو' کا افتتاح کیا۔اٹھارہ سال اور اس سے اوپر کی عمر والے جنھوں نے اپنا رجسٹریشن کرایا تھا انھیں فری بوسٹر خوراک اور ٹیکے کی احتیاطی خوراکیں مہتسو کے موقع پر دی جارہی ہیں۔

شیخ الجامعہ نے جی این سی ٹی دہلی کے اشتراک سے شروع کیے گئے 'روٹین ٹیکہ سینٹر' کا بھی افتتاح کیا۔یونیورسل امیونائی زیشن پروگرام (یوآئی پی) حکومت ہند کے تحت تمام ضروری ٹیکے سینٹر پر ہر جمعرات کو بچوں کو لگائے جائیں گے۔

اس موقع پر شیخ الجامعہ نے کہا کہ ٹیکہ کووڈ نائنٹین سے لڑنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے اور ہم سبھی یہاں محفوظ بیٹھے ہیں صرف اس وجہ سے کہ ہم نے ٹیکے کی دو خوراکیں لی ہیں۔میں اٹھارہ سال کے اوپر کے تمام لوگوں سے اپیل کروں گی وہ ٹیکہ لگوائیں۔انھوں نے روٹین ٹیکہ سینٹر اور دیگر سہولیات شروع کرنے کے لیے انصاری ہیلتھ سینٹر کے عہدیداروں کو مبارک باد پیش کی۔

پروفیسر اختر نے مائیکرو بایولوجی لیباریٹری،فری کارڈیولوجی او پی ڈی اور فری آرتھو پیڈکس او پی ڈی کا بھی افتتاح کیا۔انصاری ہیلتھ سینٹر میں یہ سہولیات میکس ہیلتھ کیئر کے اشتراک سے روبہ انجام پا رہی ہیں۔

انصاری ہیلتھ سینٹر فیزیوتھیراپی کے طلبا کے لیے آٹھ اگست سے دس اگست دو ہزار بائیس تک بیسک لائف سپورٹ (بی ایل ایس) سے متعلق ایک سہ روزہ تربیتی پروگرام بھی شروع کررہا ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی